کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی

شاندار نیلام عام گروپ لیٹرین

بذریعہ اشتہار ہذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی چھاؤنی کی حدود میں (1) ریلوے روڈ (2) حیدر روڈ (3) گکھڑ پلازہ بینک روڈ اور (4) آدم جی روڈ بالمقابل سابقہ واران اڈا پر واقع بیت الخلاء (گروپ لیٹرین) کے حقوق وصولی چارجز برائے عرصہ از یکم جولائی 2022 تا 30 جون 2023 تک کا نیلام عام مورخہ 9 مئی 2022 کو بوقت 11 بجے دن دفتر ہذا میں منعقد کر رہا ہے۔ اگر کسی وجہ سے نیلامی کا عمل اس دن پورا نہ ہو سکا تو دوبارہ بولی مورخہ 10 مئی 2022 کو اُسی وقت اور مقام پر ہو گی۔ ٹھیکیدار مندرجہ ذیل شرح سے وصولی کا مجاز ہو گا۔

شرح وصولی -/20 روپے فی کس

<u>شرائط نیلام درج ذیل ہیں</u>

۱) بولی شروع ہونے سے بیشتر ہر بولی دہندہ کو مبلغ -/5,00,000 (پانچ لاکھ) کا پے آرڈر بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی بطور زر بیعانہ ہمراہ قابل عمل شناختی کارڈ کی کاپی بولی کے وقت جمع کرانا ہو گی۔ بغیر ادائیگی زر ضمانت بولی میں حصہ لینے کی اجازت نہیں ہو گی۔

۲) بولی کی رقم متذکرہ بالا عرصے کے لئے ہو گی جس کی ادائیگی ماہانہ بنیاد پر کی جائے گی۔ حتمی منظوری تابع کنٹونمنٹ بورڈ ہو گی۔

۳) کامیاب بولی دہندہ کو بولی کے اختتام پر بولی کی رقم کا 1/4 (چوتھائی) حصہ دفتر ہذا میں بطور سیکیورٹی موقع پر جمع کرانا ہو گا۔ عدم ادائیگی کی صورت میں بولی منسوخ تصور ہو گی اور جمع شدہ زر بیعانہ کی رقم بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہو گی۔ کامیاب بولی دہندہ کو سیکورٹی کی رقم ٹھیکہ کی مدت کی کامیاب تکمیل پر واپس کی جائے گی جو کسی صورت اقساط میں ایڈجسٹ نہیں کی جائے گی پہلے اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندگان کی کال ڈیپازٹ تاوقت منظوری نیلام دفتر ہذا میں جمع رہیں گی۔

۴) بولی کی منظوری کی اطلاع کے سات یوم کے اندر پہلے ماہ کی قسط (جو کہ بولی کی کل رقم کی ماہانہ قسط کی بنیاد پر ہو گی) دفتر ہذا میں جمع کرانا ہو گی جبکہ کامیاب دہندہ کو اپنے حرجہ وخرچہ پر کنٹونمنٹ بورڈ راولپنڈی سے ایک تحریری معاہدہ کرنا ہو گا جو کہ سب رجسٹرار سے رجسٹرڈ کرانا ہو گا اور معاہدہ کئے بغیر کامیاب بولی دہندہ/ ٹھیکیدار کام شروع کرنے کا مجاز نہ ہو گا۔ بصورت دیگر کنٹونمنٹ بورڈ کو حق حاصل ہو گا کہ وہ سیکورٹی کی رقم ضبط کر کے ٹھیکہ دوبارہ نیلام کر دے۔

۵) زیر دستخطی کو اختیار حاصل ہو گا کہ وہ تمام بولیوں کو کسی بھی وجہ سے بمطابق پیپرا قوانین (قبل از منظوری) مسترد کر دے۔

۶) کامیاب بولی دہندہ/ ٹھیکیدار ٹھیکہ کی کل رقم کے ماہانہ کی بنیاد پر پوسٹ ڈیٹڈ (post dated) چیکس جن پر ہر ماہ کی 05 تاریخ درج ہو جمع کروانے کا پابند ہو گا۔ چیک باؤنس ہونے کی صورت میں اس ماہ کی 10 تاریخ کے

Scanned with CamScanner

بعد ٹھیکہ منسوخ تصور ہوگا اور سیکیورٹی کی رقم ضبط کر لی جائے گی۔

۷) عدم وصولی فیس کی صورت میں خواہ وہ کسی بھی وجہ سے ہو ٹھیکیدار بورڈ سے معاوضہ یا رعایت طلب کرنیکا حقدار نہ ہوگا اور مندرجہ بالا جگہوں سے ٹھیکیدار فیس کی وصولی کا خود ذمہ دار ہوگا۔ کسی بھی ناگہانی صورتحال میں قسط کی رقم معاف نہیں ہوگی۔

۸) کینٹ بورڈ کے نادہندگان فرم/ گروپ نیلامی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہونگے۔

۹) گروپ لیٹرین جس حالت میں ٹھیکیدار کے حوالے کی جائیں گی۔ اسی حالت میں واپس کرنا ہونگی۔ کسی نقصان کی صورت میں مرمت پر ہونے والے اخراجات سیکیورٹی کی رقم سے منہا کیے جائیں گی۔

۱۰) مقررہ فیس سے زیادہ وصولی یا کسی بھی شکایت کی صورت میں کنٹونمنٹ بورڈ ٹھیکیدار کو جرمانہ یا ٹھیکہ منسوخ کرنے کا مجاز ہوگا۔

۱۱) کنٹونمنٹ بورڈ کو کسی بھی شرط کی خلاف ورزی پر ٹھیکہ کی منسوخی کا اختیار حاصل ہے ایسی صورت میں بولی دہندہ کی تمام جمع شدہ رقم بشمول سیکیورٹی بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لی جائے گی۔

۱۲) انکم ٹیکس کا اطلاق گورنمنٹ کے مروجہ قوانین/ شرح کے تحت ہوگا جو کہ 1/4 کے ساتھ جمع کرانا ہوگا۔

۱۳) اگر ٹھیکیدار دوران ٹھیکہ Default کر جاتا ہے تو ٹھیکہ دوبارہ نیلام کیا جائیگا دوبارہ بولی کم وصول ہونے کی صورت میں نقصان پہلے بولی دینے والے ٹھیکہ دار کے ذمہ ہوگا۔

۱۴) لٹرین ہذا کی حالت حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق رکھنی ہوگی جس کا گاہے بگاہے معائنہ کیا جائے گا حالت تسلی بخش نہ ہونے کی صورت میں جرمانہ عائد کیا جا سکے گا۔

۱۵) گاہے بگاہے جاری ہونے والی حکومتی و محکمانہ ہدایات پر عملدرآمد ضروری ہوگا۔

نوٹ: مزید معلومات دفتر اوقات کار میں لینڈ ریونیو برانچ سے معلوم کی جا سکتی ہے

المشتہر

کنٹونمنٹ بورڈ ایگزیکٹو آفیسر

راولپنڈی کینٹ

051-9274406

UAN#051-111-07-07-07

www.rcb.gov.pk

Scanned with CamScanner